## سینیٹر فیصل رضا عابدی کے گارڈ او گارڈ کے بیٹے اور بھانجے پر مسلح شرپسندوں کا حملہ قابل مذمت ہے۔ رابطہ کمیٹی

کراچی ۔۔۔ 26 نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی میں سہراب گوٹھ کے علاقے میں پیپلز پارٹی کے رہنما سینیٹر فیصل رضا عابدی کے گارڈ او گارڈ کے بیٹے اور بھانجے پر مسلح شرپسندوں کے حملے اور انہیں جلانے کی کوشش کے گھناؤنے عمل کی شدید مذمت کی ہے۔ اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ یہ گھناؤنا اور انتہائی مذموم واقعہ شہر کا امن تباہ کرنے کی کوشش ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ رابطہ کمیٹی نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ اس گھناؤنی کارروائی میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائی کی جائے۔ رابطہ کمیٹی نے اس واقعہ پر سینیٹر فیصل رضا عابدی سے ہمدردی کا اظہار کیا اور واقعہ میں زخمی ہونیوالے انکے گارڈ اور گارڈ کے بیٹے اور بھانجے کی صحتیابی کیلئے دعا کی۔

## انیق الرحمٰن اور عثمان اجمیری کی ولدہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی ۔۔۔ 26 نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے سینئر صحافی و روزنامہ جنگ کراچی انٹرنیٹ ڈویژن کے انیق الرحمان اور حیدرآباد کے سینئر صحافی و روزنامہ نوائے وقت کے بیورو چیف عثمان اجمیری کی والدہ کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین) دریں اثناء حق پرست نمائندوں اور ایم کیو ایم حیدرآباد زون کے ذمہ داران و کارکنان نے حیدرآباد کے سینئر صحافی عثمان اجمیری کی والدہ کی تدفین میں شرکت کی اور مرحومہ کی مغفرت، ان کے درجات کی بلندی اور سوگواران کو صبر جمیل کیلئے دعا بھی کی۔

## سید شعیب احمد بخاری ایڈووکیٹ اور علماء کمیٹی کی معروف مذہبی اسکالر اسد دیوبندی کی اہلیہ کی دعائے مغفرت کے اجتماع میں شرکت

کراچی ۔۔۔26 نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن و حق پرست صوبائی وزیر سید شعیب احمد بخاری ایڈووکیٹ نے معروف مذہبی اسکالر اسد دیوبندی کی اہلیہ نیّر بیگم مرحومہ کی دعائے مغفرت کے اجتماع میں شرکت کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے اسد دیوبندی سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور مرحومہ کی ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی میں حصہ لیا اس موقع پر متحدہ علماء کمیٹی کے انچارج جاوید احمد و دیگر اراکین بھی ان کے ہمراہ تھے۔ گلستان جوہر میں اسد دیوبندی کی رہائشگاہ پر ہونے والے دعائیہ اجتماع میں علمائے کرام، مختلف شخصیات سمیت مرحومہ کے عزیز و اقارب نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی۔

## ایم کیو ایم کے وفد نے سندھی دانشور خاکی جویو کی خیریت دریافت کی

حیدرآباد ۔۔۔ 26 نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیو ایم کے وفد نے سندھی دانشور خاکی جویو کی ان کی رہائشگاہ پر عیادت کی اور انہیں قائد تحریک الطاف حسین کا خصوصی سلام پہنچاتے ہوئے ان کی خیریت دریافت کی۔ ایم کیو ایم کے وفد میں حق پرست ارکان اسمبلی سید طیب حسین اور سہیل یوسف، حیدرآباد زونل کمیٹی کے جوائنٹ انچارج صابر قریشی اور رکن سید رئیس حیدر تقوی کے علاوہ قاسم آباد سیکٹر کمیٹی کے ارکان شامل تھے۔ وفد نے جناب خاکی جویو کو گلدستہ پیش کیا اور ان کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار بھی کیا اس موقع پر خاکی جویو نے اپنی خیریت دریافت کرنے پر جناب الطاف حسین اور ایم کیو ایم کے وفد کے ارکان کا شکریہ ادا کیا۔

☆☆☆☆☆